Email: guldastabahar@gmail.com

بلوچستان سے اردو اور بلوچی میں شائع ہونے والا واحد قومی اخبار

روزنامہ

گلدستہ بہار

کوئٹہ

ABC Certified

DAILY GULDASTA BAHAR

ایڈیٹر :۔ کاشف مراد قلندرانی

جلد نمبر 21 | بروز پیر 24 اگست 2026ء 10 ربیع الاول 1448ھ | قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 225

آئین پاکستان کو تسلیم کرنے والوں سے مذاکرات کے دروازے کھلے ہیں، ضیا لانگو

محمود اچکزئی اور اختر مینگل اپنی ساکھ بچانے کیلئے سیاست کر رہے ہیں، بلوچ اور پشتون قوم پرست رہنما اپنے آپ سے ناراض ہیں، انکا نظریہ ایک نہیں

دہشت گردوں نے پسماندہ علاقوں میں ایمبولینسز تک چرالی ہیں، کالعدم دہشت گرد کمانڈر ارب پتی بن چکے ہیں، دہشت گرد عوام کو انسانی ڈھال کے طور پر استعمال کرتے ہیں، وزیر داخلہ

کوئٹہ (جی این ایم) وزیر داخلہ بلوچستان ضیا لانگو نے کہا ہے کہ آئین پاکستان کو تسلیم کرنے والوں سے مذاکرات کے دروازے ہمیشہ کھلے ہیں، محمود خان اچکزئی اور اختر مینگل ملک وعوام کیلئے نہیں بلکہ اپنی سیاسی ساکھ بچانے کیلئے سیاست کر رہے ہیں۔ اپنے ایک بیان میں وزیر داخلہ نے عوام اور نوجوانوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچ اور پشتون قوم پرست رہنما اپنے آپ سے ناراض ہیں، انکا نظریہ ایک نہیں ہے، آج محمود اچکزئی اور اختر مینگل ملک اور عوام کے لئے نہیں اپنی سیاسی ساکھ بچانے کے لئے سیاست کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کیا سردار اختر مینگل نے پنجابی پاکستانی کے قتل کی مذمت کی ہے؟ محمود خان اچکزئی نے گاڑی پر جھنڈا پاکستان کا لگایا ہے لیکن باتیں افغانستان کی کرتے ہیں اور کہتے ہیں وطن (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

اسحاق ڈار آج برطانیہ کے سرکاری دورے پر روانہ ہوں گے

برطانوی ہم منصب، وزیر خارجہ ایڈمل بینڈ سے ملاقات کریں گے

اسلام آباد (جی این ایم) نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار آج 24 سے 28 اگست تک برطانیہ کا سرکاری دورہ کریں گے۔ دورہ برطانیہ کے دوران نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار اپنے برطانوی ہم منصب، وزیر خارجہ ایڈمل بینڈ سے ملاقات کریں گے (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

اسلام آباد: ڈپٹی چیئرمین سینیٹ، سیدال خان کا انٹرنیشنل ایس ایم ایز ایکسی لینس ایوارڈز کی تقریب کے شرکاء کے ساتھ گروپ فوٹو

موجودہ ڈیجیٹل دور میں غلط معلومات اور گمراہ کن مواد کا موثر تدارک ناگزیر ہے، عطاء تارڑ

کامن ٹریننگ پروگرام سرکاری افسران کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اہم کردار ادا کر رہا ہے، وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات

54 ویں کامن ٹریننگ پروگرام کے زیر تربیت افسران کا ڈیجیٹل کمیونیکیشن ڈیپارٹمنٹ کا دورہ، زیر تربیت افسران سے ملاقات، موثر حکومتی ابلاغ پر زور

اسلام آباد (سی ایم لنکس) 54 ویں کامن ٹریننگ پروگرام (سی ٹی پی) کے 217 زیر تربیت افسران نے وزارت اطلاعات ونشریات کے ڈیجیٹل کمیونیکیشن ڈیپارٹمنٹ کا دورہ کیا اور وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ سے ملاقات کی۔ وفد میں وفاقی حکومت کے 12 مختلف پیشہ ورانہ گروپس/سروسز سے تعلق رکھنے والے 217 پروبیشنرز (117 مرد اور 100 خواتین) شامل تھے۔ زیر تربیت افسران کو وزارت اطلاعات ونشریات کے کردار، حکومتی ابلاغ، قومی بیانیے کی تشکیل وترویج، ڈیجیٹل کمیونیکیشن، عوامی آگاہی اور غلط معلومات کے تدارک کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی اور غلط معلومات کے تدارک اور عوامی رابطہ کاری کے حوالے سے آگاہ کیا گیا۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے زیر تربیت افسران سے بدلتے ہوئے میڈیا منظرنامے پر تبادلہ خیال کرتے ہوئے کہا کہ سرکاری افسران کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور موثر عوامی خدمت کے لئے کامن ٹریننگ پروگرام اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ موثر حکومتی ابلاغ شفافیت کے فروغ (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

پشاور: امیر جے یو آئی مولانا فضل الرحمان ورکرز کنونشن سے خطاب کر رہے ہیں

سیکورٹی فورسز کی بلوچستان کے مختلف علاقوں میں کارروائیاں 70 دہشتگرد مارے گئے

پنجگور میں N-85 پر سیکیورٹی پوسٹ پر دہشت گردوں کا حملہ ناکام، ایک جوان شہید، پاک فوج کا دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک جنگ جاری رکھنے کا عزم

ملک کے بہادر سپوت دہشتگردی کے خلاف جنگ میں اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے قوم کے تحفظ اور سلامتی کو یقینی بنا رہے ہیں، آئی ایس پی آر

راولپنڈی/ کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے ضلع پنجگور میں شاہراہ N-85 پر قائم سیکیورٹی پوسٹ پر فتنہ الہندوستان (FAH) سے وابستہ دہشتگردوں نے بزدلانہ حملہ کرنے کی کوشش کی جسے سیکیورٹی فورسز نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے ناکام بنا دیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق چوکی پر تعینات چوکنا اور مستعد اہلکاروں نے دہشتگردوں کی نقل وحرکت کو بروقت بھانپتے ہوئے فوری جوابی کارروائی کی، جس کے نتیجے میں حملہ آوروں کو شدید جانی نقصان اٹھانا پڑا اور وہ اپنے مذموم عزائم حاصل کیے بغیر فرار ہونے پر مجبور ہوگئے آئی ایس پی آر کے مطابق دہشتگردوں نے پنجگور (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

مریدکے: وفاقی وزیر رانا تنویر حسین کی ملاقات کے لئے آنے والوں کے ہمراہ گروپ فوٹو

صحبت پور، برآمد ہونے والی 3 لاشوں کی شناخت ہوگئی، مقتولین کا تعلق پنجگور سے ہے

مقتولین کی شناخت امام الدین، ماجد اور ضیا کے نام سے ہوئی، پولیس کی مختلف پہلوں سے تحقیقات جاری

صحبت پور (یو این اے) بلوچستان کے ضلع صحبت پور میں تھانہ جیاخان کی حدود سے تین افراد کی گولیوں سے چھلنی لاشیں برآمد ہونے کے واقعے میں مقتولین کی شناخت ہوگئی ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق تینوں افراد کو نامعلوم ملزمان نے فائرنگ کر کے قتل کیا اور ان کی لاشیں گوٹھ اسحاق کھوسہ کے قریب پھینک دی گئیں پولیس ذرائع کے مطابق واقعے کی اطلاع ملنے پر تھانہ جیاخان (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

ٹرمپ کی حماقتوں نے دنیا کو ایٹمی ہتھیاروں کے حصول کا خواہاں بنا دیا ہے، محسن رضائی

ایران کیخلاف امریکا کی معاشی جنگ میں مدد کرنے والے ممالک کے مفادات کو نشانہ بنایا جائے گا

تہران (جی این ایم) ایران کی سپریم نیشنل سکیورٹی کونسل کے سیکرٹری محسن رضائی نے کہا ہے کہ ایران پر حملوں کے ساتھ ٹرمپ کی حماقتوں نے دنیا بھر کے ممالک میں ایٹمی ہتھیار حاصل کرنے کی خواہش کو بڑھا دیا ہے، امریکی پابندیوں اور آبنائے ہرمز سے متعلق سخت جوابی کارروائی کی جائے گی، امریکا کی اقتصادی پابندیوں میں تعاون کرنے والے کسی بھی ملک کو دشمن تصور (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

نوجوانوں کو ملازمتیں تلاش کرنے کے بجائے روزگار فراہم کرنے والا بننا ہوگا، سیدال خان

ملک بھر میں فعال 71 لاکھ 40 ہزار سے زائد چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار ملکی معیشت کی اصل بنیاد ہیں

جدید ہنر، ٹیکنالوجی اور مالی معاونت سے لیس نوجوان اپنے اسٹارٹ اپس کو بین الاقوامی برانڈز میں بدلنے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں، ڈپٹی چیئرمین سینٹ

اسلام آباد (جی این ایم) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے ملک کے معاشی مستقبل کو نوجوان کاروباری صلاحیتوں سے جوڑتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کی پائیدار ترقی کا دارومدار نوجوانوں کو روزگار کے متلاشی کے بجائے روزگار پیدا کرنے والے انٹرپرینیورز بنانے پر ہے، جدید ہنر، ٹیکنالوجی اور مالی معاونت سے لیس نوجوان اپنے اسٹارٹ اپس کو بین الاقوامی برانڈز میں بدلنے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے راولپنڈی چیمبر آف اسمال ٹریڈرز اینڈ اسمال انڈسٹریز کے تحت منعقدہ ''انٹرنیشنل ایس ایم ایز ایکسیلینس ایوارڈ 2026'' (باقی صفحہ 2 نمبر 34)

مہنگائی 9.66 فیصد کی شرح سے بڑھ رہی ہے، حکومت فوری اقدامات کرے، سینیٹر عبدالقادر

23 بنیادی اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ عوام پر دباؤ ڈال رہا ہے، چیئرمین قائمہ کمیٹی

اسلام آباد (جی این ایم) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ حکومت مہنگائی پر قابو پانے کے لیے فوری اقدامات کرے۔ اپنے ایک بیان میں سینیٹر محمد عبدالقادر کا کہنا تھا کہ ملک بھر میں مہنگائی 9.66 فیصد کی شرح سے بڑھ رہی ہے اور (باقی صفحہ 2 نمبر 31)

کوئٹہ، فضائی ٹکٹوں کے اجرا پر ٹریول ایجنٹس کی خدمات کے لیے 100 روپے فی ٹکٹ سیلز ٹیکس مقرر

بی آر اے کی تمام ٹریول ایجنٹس کو فوری رجسٹریشن، درست رپورٹنگ اور بروقت ریٹرن فائلنگ کی ہدایت

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) کے ٹیکس شیڈول کے مطابق ٹریول ایجنٹس کی جانب سے اندرون ملک اور بین الاقوامی فضائی ٹکٹوں کے اجرا سے متعلق فراہم کردہ خدمات پر بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز (BSTS) کی شرح 100 روپے (باقی صفحہ 2 نمبر 33)

پمز میں عمران خان کے دل کا ضروری ٹیسٹ نہ ہونے کا انکشاف

وزیر اعظم شہباز نے ہسپتال کے شعبہ امراض قلب میں سی ٹی اے مشین کے غیر فعال ہونے کا نوٹس لے لیا

اسلام آباد (جی این ایم) وزیر اعظم شہباز شریف نے پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز (پمز) کے شعبہ امراض قلب میں سی ٹی انجیوگرافی (CTA) کی سہولت غیر فعال ہونے اور بانی پی ٹی آئی عمران خان کا یہ طبی معائنہ نہ ہو سکنے کے معاملے کا نوٹس لیتے ہوئے (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

وزیر اعظم شہباز شریف کی نواز شریف سے ملاقات

ملکی سیاسی صورتحال اور آزاد کشمیر کے سیاسی امور پر مشاورت، وزیر اعظم آزاد کشمیر کے لئے نام پر بھی غور

لاہور (جی این ایم) مسلم لیگ ن کے صدر نواز شریف اور وزیر اعظم شہباز شریف کے درمیان جاتی امرا لاہور میں اہم ملاقات ہوئی، جس میں ملکی سیاسی صورتحال اور آزاد کشمیر کے سیاسی امور پر تفصیلی مشاورت کی گئی۔ ذرائع کے مطابق ملاقات تقریباً دو گھنٹے جاری رہی، (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

قدوس بزنجو سے پیپلز پارٹی کے رہنماؤں کی ملاقات، بلوچستان کی صورتحال اور سیاسی امور پر گفتگو

پائیدار امن، ترقی اور عوامی مسائل کے حل کے لیے مشترکہ جدوجہد اور باہمی رابطہ برقرار رکھنے پر اتفاق

کوئٹہ (یو این اے) سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو سے پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما اور سابق صوبائی وزیر میر عبدالرف رند، پاکستان پیپلز پارٹی مکران ڈویژن کے صدر ڈاکٹر برکت بلوچ، کیچ کی معروف سیاسی وسماجی شخصیت میر یار سربہرام رند (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

کوئٹہ، سبز ہلالی پرچم کے رنگ میں سجے ننھے پھول، جشن آزادی کی خوشیاں مناتے ہوئے

جماعت اسلامی کا 12 ربیع الاول کے بعد ملک گیر شٹر ڈاؤن ہڑتال کا اعلان

ہماری جدوجہد بہترین انداز میں آگے بڑھ رہی ہے، حکومت کو پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کرنی پڑے گی، دھرنا تب ختم ہوگا جب حکومت ہمارے مطالبات عملی طور پر مانے گی

عمران خان کے معاملے پر حکومت کو عدالتی حکم پر مکمل عملدرآمد کرنا چاہیے تھا، حافظ نعیم الرحمان کی پریس کانفرنس

لاہور (جی این ایم) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے پیٹرولیم لیوی کے معاملے پر 12 ربیع الاول کے بعد ملک گیر شٹر ڈاؤن ہڑتال کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہماری جدوجہد بہترین انداز میں آگے بڑھ رہی ہے، حکومت کو پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کرنا پڑے گی۔ لاہور میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ آٹا مافیا اور چینی مافیا کی موجودگی میں ملک ترقی نہیں کر سکتا، کسانوں کو سستی کھاد نہیں مل رہی، ہمارے پیسوں سے سرکاری افسران بڑی بڑی گاڑیاں چلاتے ہیں۔ عوام نکل کر ہماری جدوجہد کا حصہ بنیں۔ حافظ نعیم الرحمان کا کہنا تھا 12 ربیع الاول کے بعد ملک گیر شٹر ڈاؤن ہڑتال کریں گے، اب مذاکرات ایسے نہیں ہوں گے کہ آپ کہیں دھرنا ختم کریں ہم مان لیں، دھرنا تب ختم ہوگا جب حکومت ہمارے (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

وفاقی وزیر مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی سردار محمد یوسف سے چیئرمین پاکستان علماء کونسل حافظ طاہر محمود اشرفی ملاقات کر رہے ہیں

میر شفیق الرحمٰن مینگل سے نوابزادہ امیر حمزہ زہری اور دیگر شخصیات کی ملاقات

بلوچستان میں پائیدار امن، بلدیاتی مسائل اور ترقیاتی ضروریات کے حل کے لیے مشترکہ اقدامات پر زور

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما میر شفیق الرحمٰن مینگل سے اسلام آباد میں پیپلز پارٹی کے صوبائی وزیر بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری، معروف شخصیت احمد خان اچکزئی اور دیگر سیاسی وسماجی شخصیات نے ملاقات کی۔ ملاقاتوں کے دوران بلوچستان (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

اوستہ محمد میں پولیس کا کریک ڈاون، مختلف مقدمات میں مطلوب دو روپوش ملزمان گرفتار

امن وامان میں خلل ڈالنے والے عناصر کو کسی صورت رعایت نہیں دی جائے گی، پولیس حکام

اوستہ محمد (جی این ایم) ایس پی اوستہ محمد حافظ معاذ الرحمٰن کی خصوصی ہدایات پر جرائم پیشہ اور روپوش عناصر کے خلاف پولیس کا کریک ڈاون جاری ہے اسی سلسلے میں تھانہ سٹی اوستہ محمد اور سی آئی اے پولیس نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے مختلف مقدمات میں مطلوب دو نامزد و روپوش ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈی ایس پی سرکل اوستہ محمد داد کھوسہ کی نگرانی (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

فتنہ الہندوستان کی دہشت گرد لائبہ نذر سے اہلخانہ کا مکمل لاتعلقی کا اعلان

راولپنڈی (جی این ایم) فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والی دہشت گرد لائبہ نذر سے اہلخانہ نے مکمل لاتعلقی کا اعلان کر دیا۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 32)

موٹر سائیکل چھیننے والے دو ملزمان گرفتار مسروقہ موٹر سائیکل برآمد

کوئٹہ (اے این این) اگست گوادر پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چھیننے کی وارداتوں میں مبینہ طور پر ملوث دو ملزمان کو گرفتار کر لیا جبکہ ان کے قبضے سے مسروقہ موٹر سائیکل بھی برآمد کر لی گئی۔ پولیس کے مطابق (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

بانی پی ٹی آئی اور نورین نیازی کی ملاقات سے متعلق من گھڑت خبریں چل رہی ہیں، بیرسٹر گوہر

بانی نے سہیل آفریدی یا قیادت کے خلاف کوئی بات نہیں کی، ملاقات کے بعد نورین نیازی خوش تھیں

اسلام آباد (جی این ایم) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کے بعد نورین نیازی سے فون پر رابطہ ہوا تھا، تاہم انہوں نے ملاقات کے احوال کے بارے میں کوئی بات نہیں کی۔ بیرسٹر گوہر نے ایک بیان میں کہا کہ نورین نیازی نے کہا تھا کہ وہ ملاقات کے حوالے سے باہر بات نہیں کریں گی، بانی پی ٹی آئی اور نورین نیازی کی ملاقات سے (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

ڈگاری میں مسلح افراد کی مبینہ ناکہ بندی، گاڑیوں کی چیکنگ

پنجاب جانے والی تین گاڑیوں کے ٹائر فائرنگ سے پھاڑنے، ڈرائیورز کو حراست میں لینے کی اطلاعات

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ کے علاقے ڈگاری میں مسلح افراد کی جانب سے مبینہ طور پر کئی گھنٹوں تک ناکہ بندی کر کے آنے جانے والی گاڑیوں کی اسنیپ چیکنگ کیے جانے کی اطلاعات ہیں۔ ذرائع کے مطابق مسلح افراد نے پنجاب جانے والی تین گاڑیوں کے ٹائر فائرنگ کر کے پھاڑ دیے، جس کے بعد تینوں ڈرائیوروں کو مبینہ طور پر حراست میں لے کر اپنے ساتھ لے (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

نئے صوبے نومبر یا دسمبر تک بن جانے چاہئیں، طارق بشیر چیمہ

بہاولپور صوبہ بحالی کا بل پیش ہوا تو منظوری کے لیے سب سیاسی جماعتوں کے پاس خود جاؤں گا

بہاولپور (جی این ایم) سابق وفاقی وزیر چوہدری طارق بشیر چیمہ نے کہا ہے کہ میرے خیال میں نئے صوبے نومبر یا دسمبر تک بن جانے چاہئیں۔ طارق بشیر چیمہ نے کہا کہ 15 دسمبر سے 15 جنوری تک بلدیاتی انتخابات نہیں ہوں گے۔ سابق وفاقی وزیر نے کہا کہ بہاولپور صوبہ بحالی کا بل پیش ہوا تو منظوری کے لیے سب سیاسی جماعتوں کے پاس خود جاؤں گا۔ طارق (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

موسیٰ خیل میں بی ایس ڈی آئی پروگرام کے تحت ترقیاتی منصوبوں پر تیزی سے کام جاری

بی ایس ڈی آئی فیز ون میں 14 میں سے 13 منصوبے مکمل، مجموعی پیش رفت 93 فیصد رہی، ڈپٹی کمشنر

کوئٹہ (جی این ایم) ڈپٹی کمشنر موسیٰ خیل عبدالرزاق خجک نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے وژن، کور کمانڈر بلوچستان کی خصوصی دلچسپی اور چیف سیکرٹری بلوچستان کی ہدایات کی روشنی میں شروع کیے گئے بی ایچ ڈی آئی (BSDI) پروگرام کے تحت عوام کو ان (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

سیکورٹی فورسز کے قافلے پر دہشت گرد حملہ اہل مذمت ہے، امیر حمزہ زہری

امن کی فضا کو سبوتاژ کرنیوالے دہشتگرد کسی رعایت کے مستحق نہیں، صوبائی مشیر بلدیات

کوئٹہ (اے این این) صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے ضلع مستونگ میں سیکیورٹی فورسز کے قافلے پر دہشتگرد حملے کی شدید مذمت کی (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

کوئٹہ، سیکرٹری محکمہ صنعت وتجارت خالد نسر پرہ ٹھم انسٹی ٹیوٹ میں تربیت حاصل کرنے والی طالبات سے بات چیت کر رہے ہیں

مستونگ کے علاقے سے ایک نامعلوم شخص کی نعش پولیس نے قبضے میں لے لی

کوئٹہ (اے این این) مستونگ کے علاقے سے ایک نامعلوم شخص کی نعش پولیس نے قبضے میں لے لی۔ پولیس کے مطابق اتوار کو مستونگ کے علاقے کھڈ کوچہ سے پولیس نے سڑک کے کنارے سے ایک نامعلوم شخص کی (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

ڈیرہ بگٹی پولیس نے تین مفرور ملزمان کو گرفتار کر لیا

ڈیرہ بگٹی (اے این این) ایس پی ڈیرہ بگٹی عبدالرؤف بابر کی ہدایت پر ڈی ایس پی سرکل ڈیرہ بگٹی مشتاق بابر کی زیر نگرانی ایس ایچ او پولیس تھانہ ڈیرہ بگٹی انسپکٹر نور علی مسوری بگٹی کی سربراہی میں پولیس ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے مقدمہ نمبر 13/026 بجرم دفعات (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

کراچی، مقتول میر رضا کے نام پر رجسٹرڈ موبائل فون سم حاصل کر لی گئی

کراچی (جی این ایم) میر رضا قتل کیس کی تحقیقات میں اہم پیش رفت، میر رضا کے نام پر رجسٹرڈ موبائل فون سم حاصل کر لی گئی۔ ذرائع کے مطابق پولیس کی درخواست پر موبائل کمپنی نے سم جاری کی، بائیو میٹرک اور دستاویزی کارروائی کے بعد سم جاری کی گئی۔ سم کی ملکیت میر رضا کی (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

فیلڈ مارشل عاصم منیر آج ایران کا دورہ کریں گے

ایران کے اعلیٰ حکام سے اہم ملاقاتیں کریں گے، ترجمان ایرانی وزارت خارجہ

تہران (جی این ایم) فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر آج (پیر کو) ایران کا دورہ کریں گے۔ ترجمان ایرانی وزارت خارجہ کے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر پیر کو تہران کا دورہ کریں گے۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر اس دورے کے دوران ایران کے (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

پٹرول پمپ اور پولیس چیک پوسٹ کے قریب سے 3 گولیوں سے چھلنی لاشیں برآمد

سول ہسپتال میں مردہ خانہ نہ ہونے کے باعث لاشیں شناخت کے لیے ڈیرہ اللہ یار یا ڈیرہ مراد جمالی منتقل کی جائیں گی

صحبت پور (یو این اے) صحبت پور کی نیو تحصیل جیا خان کھوسو کے تھانہ جیانی کی حدود میں سابق یونین کونسل ناظم محمد اسحاق کھوسو کے پٹرول پمپ اور پولیس چیک پوسٹ (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

کوئٹہ، بلوچستان ریونیو اتھارٹی کا ٹور آپریٹرز کی خدمات پر 5 فیصد سیلز ٹیکس کا اعلان

تمام ٹور آپریٹرز کو بی آر اے کے ساتھ رجسٹریشن اور بروقت ٹیکس ریٹرنز فائل کرنے کی ہدایت

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) کے تحت ٹور آپریٹرز کی جانب سے فراہم کردہ خدمات پر بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز (BSTS) کی شرح 5 فیصد مقرر ہے۔ بلوچستان ریونیو اتھارٹی نے تمام متعلقہ ٹور آپریٹرز کو ہدایت کی ہے کہ وہ قابل (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

پرائیویٹ حج سکیم 2027 کیلئے واجبات کی وصولی کا آغاز

پرائیویٹ حج کی بکنگ اور ادائیگی صرف پاک حج ایپ اور حج پورٹل کے ذریعے قابل قبول ہوگی

اسلام آباد (جی این ایم) پرائیویٹ حج سکیم 2027 کیلئے واجبات کی وصولی کا آغاز ہوگیا۔ پرائیویٹ حج کی بکنگ اور ادائیگی صرف پاک حج ایپ اور حج پورٹل کے ذریعے (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

افغانستان میں طالبان رجیم کی غیر قانونی پابندیاں، خواتین خودکشی پر مجبور

کابل (جی این ایم) طالبان رجیم کے تاریک دور میں افغان خواتین کیخلاف صنفی امتیاز کو ریاستی پالیسی بنا دیا گیا۔ عالمی جریدہ دی گارڈین نے طالبان رجیم کی افغان خواتین کیخلاف یک طرفہ اور سخت گیر پالیسیوں کو آشکار کر دیا، طالبان رجیم نے افغان خواتین سے سب (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

چینی تعاون کے بغیر امریکا کیلئے ایران کو معاشی طور پر تنہا کرنا ممکن نہیں، نیویارک ٹائمز کا دعویٰ

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی اخبار نیویارک ٹائمز نے کہا ہے کہ ایران کو معاشی طور پر تنہا کرنے کی امریکی کوششیں چین کے تعاون کے بغیر کامیاب ہونا مشکل ہیں۔ اخبار کی رپورٹ کے مطابق چین ایران کا سب سے بڑا تجارتی شراکت دار اور ایرانی تیل کا اہم ترین خریدار ہے (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

ایک ہفتے میں 20 کلو آٹے کا تھیلا مزید 100 روپے مہنگا ہوگیا، ادارہ شماریات

اسلام آباد (جی این ایم) ادارہ شماریات نے ملک میں آٹے کی قیمتوں کے اعداد وشمار جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایک ہفتے میں 20 کلو آٹے کا تھیلا مزید 100 روپے تک مہنگا ہوگیا ہے۔ اسلام آباد کے شہری ملک میں (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

عوامی مسائل حل کرنا موجودہ حکومت کی اولین ترجیح ہے، شعیب نوشیروانی

بلوچستان بھر میں ترقیاتی کاموں کا آغاز کر کے صوبے کو ترقی کی راہ پر گامزن اور بے روزگار نوجوانوں کو روزگار دینے کیلئے تمام تر کوششوں کو بروئے کار لائیں گے، صوبائی وزیر خزانہ

موجودہ حکومت عوام کے مسائل حل کرنے کیلئے تمام تر کوششوں کو بروئے کار لائیں گے اور اس خطے کو وہ مقام دینگے جو عوام کی خواہش ہے، بات چیت

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے کہا ہے کہ عوامی مسائل حل کرنا موجودہ حکومت کی اولین ترجیح ہے بلوچستان بھر میں ترقیاتی کاموں کا آغاز کر کے صوبے کو ترقی کی راہ پر گامزن اور بے روزگار نوجوانوں کو روزگار دینے کیلئے تمام تر کوششوں کو بروئے کار لائیں گے عوام مایوس نہ ہو موجودہ حکومت عوامی کی ہی ترجمان ہے' یہ بات انہوں نے ایک وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ وقت کا تقاضا ہے کہ بلوچستان ترقی کی راہ پر گامزن اور یہاں امن امان بحال اور خوشحالی واپس لوٹ آئیں یہ اس وقت ممکن ہے کہ ہم سب یہ عہد کریں کہ (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

بلوچستان کی بیٹیاں ہر شعبے میں اپنی صلاحیت، عزم اور بہادری کا لوہا منوا رہی ہیں، وزیر اعلیٰ

ڈاکٹر ماہ نور ناصر نے مشکل حالات میں جس جرات، عزم اور فرض شناسی کا مظاہرہ کیا، وہ قابل تحسین ہے، میر سرفراز بگٹی

ڈاکٹر ماہ نور ناصر کی بہادری، فرض شناسی اور غیر معمولی حوصلے کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے دکی کی ایک اہم شاہراہ ان کے نام سے منسوب کرنے کا اعلان

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے لیڈی ڈاکٹر ماہ نور ناصر کی بہادری، فرض شناسی اور غیر معمولی حوصلے کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے دکی کی ایک اہم شاہراہ ان کے نام سے منسوب کرنے کا اعلان کیا ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان کی ہدایت پر محکمہ بلدیات و دیہی ترقی نے دکی میں متعلقہ سڑک کو "ڈاکٹر ماہ نور ناصر روڈ" کے نام سے منسوب کرنے کا باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ڈاکٹر ماہ نور ناصر نے مشکل حالات میں جس جرات، عزم اور فرض شناسی کا مظاہرہ کیا، وہ قابل تحسین ہے۔ ان کی بہادری نہ صرف بلوچستان بلکہ ملک (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

بلوچستان سے اردو اور علاقائی شائع ہونے والا واحد قومی اخبار
Email: guldastabahar@gmail.com
روزنامہ
ABC Certified
گلدستہ بہار کوئٹہ
DAILY GULDASTA BAHAR
ایڈیٹر:۔ کاشف مرتضیٰ قدوائی

ایڈیٹر انچیف ایم۔ ندیم قلندر انی / نائب مدیر روزنامہ گلدستہ بہار قمر آبادی روڈ سٹاپ کیا
فون نمبر:۔ 03363522116, 03345757077.
E-Address: guldastabahar123@gmail.com

تحفظ ختم نبوت وناموس رسالت ؐ ایمان

ورلڈ پاسبان ختم نبوت کے زیر اہتمام سالانہ سیرت خاتم الانبیاءؐ کانفرنس جامعہ تعلیم الاسلام گلشن عمرؓ کالونی میں مولانا مفتی محمد نویدا لہوری کی صدارت میں منعقد ہوئی جس میں ناظم اعلیٰ ورلڈ پاسبان ختم نبوت مولانا قاری محمد حنیف حقانی ،مولانا مفتی محمد نویدا لہوری، مولانا محمد طیب عثمان الحسینی ،حافظ سید مصطفیٰ حسن ،مولانا محمد طیب منیر لاہوری ،غلام مصطفیٰ وٹو،حافظ محمد حماد فخر ہاشمی ،چوہدری محمد ظفر مندرا اور حافظ محمد یعقوب شاہ نے خطاب کیا۔مولانا حنیف حقانی نے کہا کہ تحفظ ختم نبوت وناموس رسالت ؐ ایمان ہے غیور مسلمان اپنا سب کچھ قربان کرسکتا ہے لیکن وہ اللہ تعالیٰ کے سچے و آخری نبی حضرۃ محمد مصطفیٰ ؐ احمد مجتبیٰ ؐ کی نبوت ورسالت کیخلاف کسی بھی یہودی وقادیانی ناپاک سازش کو ہرگز برداشت نہیں کرسکتا۔ نیز کانفرنس میں بانی ورلڈ پاسبان ختم نبوت علامہ محمد ممتاز اعوانؒ مرحوم ومغفور کی دینی خدمات کوخراج تحسین اور انکی مغفرت درجات کی بلندی کیلئے دعسیکی طور پر اجتماعی دعا بھی کی گئی۔ ورلڈ پاسبان ختم نبوت کے زیر اہتمام سالانہ سیرت خاتم الانبیاءؐ کانفرنس جامعہ تعلیم الاسلام گلشن عمرؓ کالونی میں مولانا مفتی محمد نویدا لہوری کی صدارت میں منعقد ہوئی جس میں ناظم اعلیٰ ورلڈ پاسبان ختم نبوت مولانا قاری محمد حنیف حقانی ،مولانا مفتی محمد نویدا لہوری، مولانا محمد طیب عثمان الحسینی ،حافظ سید مصطفیٰ حسن ،مولانا محمد طیب منیر لاہوری ،غلام مصطفیٰ وٹو،حافظ محمد حماد فخر ہاشمی ،چوہدری محمد ظفر مندرا اور حافظ محمد یعقوب شاہ نے خطاب کیا۔

بقیہ 1

۔ علاقہ میں دہشت گرد تنظیمیں ، باہمی دشمنی کے امور اور علاقائی وحاکمی صورتحال پر تبادلہ خیال متوقع ہے۔اسحاق ارباب علاقوی دفتر خارجہ نے دیر ممالک پر برائے پاکستان اسٹیمن ڈائی سے بھی ملاقات کریں گے ، جس میں پاکستان اور برطانیہ کے درمیان تعاون اور باہمی روابط کے فروغ پر گفتگو ہوگی۔ نائب وزیراعظم ودزیر خارجہ کا دورہ پاکستان اور برطانیہ کے درمیان سفارتی اور دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے حوالے سے اہم قرار دیا جارہا ہے

بقیہ 2

افغانستان جنگ ملک پاکستان ہے ۔ تیلا لانگو نے کہا کہ مجھے صیبت سارے بلوچ یہ کہتے ہیں کہ ہمارا وطن اور ملک پاکستان ہے۔انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں نے بلوچستان کے پسماندہ علاقوں کی ایمبولینس ترجالی ہیں۔وزیر داخلہ نے کہا کہ آئین پاکستان کو تسلیم کرنے والوں سے مذاکرات کے دروازے بھیشہ کھلے ہیں، مجھ پر ناکام حملہ کیا گیا ہے ساتھ اداریں کو توجاب بھی ، دیا جاتا ہے تین۔ان کا کہنا تھا کہ دہشت گرد عوام وافواج کا دشمن ہے۔ان کا استعمال کرتے ہیں ، کالعدم تنظیم بی ایل اے اور بی ایل ایف کے کمانڈرز بلوچستان میں جاری جنگ ہے فائدہ اٹھارہے کے چیوں سے اور اپنے بن جن ہیں کیونکہ انہوں نے دہشت گردی کو اپنا کاروبار بنارکھا ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ دہشت گرد کمانڈرز ہمارے نوجوانوں اور خواتین کو ایرعصیں کے طور پر استعمال کررہے ہیں اور اس کے لے دہشت گردمک بھارت نے بڑا بجٹ مختص کیا ہے۔

بقیہ 3

عوام کو درست معلومات کی فراہمی اور یاسی اداروں پر عوام کے اعتماد کو مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔انہوں نے کہا کہ موجودہ ڈیجیٹل دور میں غلط معلومات اور گمراہ کن مواد کا سیلاب معاشرے کا بڑے سے اس مقصد کے لئے پیشہ ورانہ ، بروقت اور ذمہ دارانہ ابلاغی حکمت عملی اختیار کرنا ضروری ہے۔ عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ نوجوان افسران جاری عزم اور اسحاب ذمہ داری کے ساتھ پاکستان کی خدمت کریں اور سرکاری ذمہ داریاں دیانت داری، پیشہ ورانہ مہارت اور قومی مفاد کو مقدم رکھتے ہوئے انجام دیں۔ وفد کو ڈیجیٹل گیمیکیشن کے ذریعے عوامی ابلاغ کی ترقی پالیسیوں اور حکومتی اقدامات سے عوام کو آگاہ کرنے کے طریقہ کار کے بارے میں بھی آگاہ کیا گیا۔54 پی کاسن ٹریننگ پروگرام کے زیر تربیت افسران نے ڈیجیٹل گیمیکیشن ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے فراہم کردہ بریفنگ کو مفید قرار دیتے ہوئے حکومتی ابلاغ اور ڈیجیٹل میڈیا کے کردار کے حوالے سے گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔

بقیہ 4

پی پی پس کی بھاری نفری فوری طور پر جائے حادثہ پر پہنچ گئی اور علاقے کو گھیرے میں لے لیا۔ پولیس اہلکاروں نے لاشوں کو قبضے میں لے لیا۔ پولیس کارروائی کررہی ہے کہ کوایاں ، مارکھیل کیا گیا۔ اشاروں کی شناخت کی جارہی ہے۔ شناخت ہونے والے افراد میں امام الدین ولدحاجی احمد، ماجد ولد عبدالمجید ، عبدالرحمان ولد رائد شامل ہیں ، تینوں کا تعلق سرود سے بتایا گیا ہے پولیس اور تحقیقی ادارے کے مطابق تینوں افراد کی ابتدائی طبی صحیت پورے چوکور اوٹی گئیں ، جہاں تینوں کی شناخت کی گئی۔ مقتولین کی شناخت سات برائے پاکستان اسٹیمن ڈائی سے بھی ملاقات کریں گے ، جس میں پاکستان اور برطانیہ کے درمیان تعاون اور باہمی روابط کے فروغ پر گفتگو ہوگی۔ نائب وزیراعظم ودزیر خارجہ کا دورہ پاکستان اور برطانیہ کے درمیان سفارتی اور دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے حوالے سے اہم قرار دیا جارہا ہے

بقیہ 5

میں شاہرہ N-85 پر قائم سیکیورٹی پوسٹ کو نشانہ بنانے کی کوشش کی ، تاہم سیکیورٹی فورسز کے بہادروں نے انتہائی بہادری اور پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے حملہ آوروں کو ناکام بنادیا اور دہشت گردوں کو فوری طور پر موثر جوابی کارروائی کے نتیجے میں دہشتگردوں کو بھاری نقصان پہنچایا، جبکہ سیکیورٹی فورسز نے چوکی کا دفاع کرتے ہوئے دہشتگردوں کو ایک مقصد میں کامیاب نہیں ہونے دیا تو جہاں پاک فوج کے مقابلے کارروائی کے دوران سیکیورٹی فورسز کا ایک جوان وطن کے دفاع اور چوکی کی حفاظت کرتے ہوئے جام شہادت نوش کرگیا۔شہید ہونے والے جوان کی قربانی کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے آئی ایس پی آر نے کہا کہ ملک کے بہادر سپوت دہشتگردی کے خلاف جنگ میں اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کررہے ہیں ، دہشتگردی کے خلاف ہماری جنگ میں آئی ایس پی آر کے مطابق دہشتگردوں کی جانب سے سیکیورٹی پوسٹ کو نشانہ بنانے کی کوشش کی ، تاہم سیکیورٹی فورسز کے بہادروں نے انتہائی بہادری اور پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے حملہ آوروں کو ناکام بنادیا۔سیکیورٹی فورسز کی موثر جوابی کارروائی کے نتیجے میں دہشتگردوں کو بھاری نقصان پہنچا، جبکہ سیکیورٹی فورسز نے چوکی کا دفاع کرتے ہوئے دہشتگردوں کو ایک مقصد میں کامیاب نہیں ہونے دیا تو جہاں پاک فوج کے بہادر

بقیہ 1

منہ تو جواب دیا ہے۔ بھارتی پروپیگنڈے کے وزارت خارجہ نے مجھ پر جواب دے چکا ہے۔ رانا ثناء اللہ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حکومت سیاسی معاملات کو جمہوری انداز میں حل کرنے اور مذاکرات کے ذریعے مسائل کے حل پر یقین رکھتی ہے۔

بقیہ 2

نے بیان جاری کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ وقت کا تقاضا ہے کہ ملک کے استحکام اور عوام کی بہتری کے لیے سب کے سب کے کیتے کی بجائے پارلیمنٹ کی بالادستی عوام کی حکمرانی اور جمہوریت کی بحالی میں اسے فیصلوں کی حمایت کی جو حکومت کے مفاد میں ہو اور اسے فیصلوں کی کھل کر مخالفت کریں جو عوام اور جمہوریت کے خلاف ہو انہوں نے کہا کہ تاریخ میں مولانا فضل الرحمٰن نے آج بھی ملک کی مفاد کی بات ہے اور آئندہ بھی کرتے رہیں گے۔

بقیہ 3

ترجیح عوام کے دیرینہ مسائل کا ازالہ مواصلاتی نظام میں بہتری اور پسماندہ علاقوں کو ترقی کے دھارے میں شامل کرنا ہے۔ ان خیالات کا اظہار حافظ محمد فہد لودی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے اپنے حلقہ انتخاب کے اجتماعی مسائل کے حل کو ہمیشہ اولین ترجیح دی ہے اور عوامی مفاد کے منصوبوں کی تکمیل کیلئے ہر ممکن کوشش کی ہے۔ ڈیرہ مراد جمالی سے فیض آباد تک قومی شاہراہ کی تعمیر بھرپور ایک اہم عوامی منصوبہ پچھلے سے دسمبر سفری سہولیات میں نمایاں بہتری آئی ہے بلکہ نصیر آباد کے عوام کو آمد و رفت میں درپیش مشکلات میں بھی کمی واقع ہوئی ہے۔ اس شاہراہ کی بہتر حالت سے شہریوں تاجروں زمینداروں اور مسافروں کو آمد و رفت میں آسانی کے ساتھ ساتھ علاقے کی معاشی سرگرمیوں کی بھی فروغ ملنے کی امید ہے۔ انہوں نے کہا کہ حلقہ انتخاب میں سڑکوں مواصلات تعلیم صحت صاف پانی اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی سے متعلق متعدد اہم اقدامات کامیابی سے جاری ہیں جن کی تکمیل سے عوام کو براہ راست ریلیف ملے گا۔ حکومت ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت اور بروقت تکمیل کیلئے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے تاکہ سرکاری وسائل حقیقی معنوں میں عوامی فلاح پر خرچ ہو سکیں۔ حافظ محمد فہد لودی نے کہا کہ نصیر آباد کے عوام نے ہمیشہ بھرپور اعتماد اور تعاون کا اظہار کیا ہے اس اعتماد کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہوئے عوامی خدمت کے سلسلہ میدہ موثر انداز میں جاری رکھا جائے گا۔ ان شاء اللہ سرکاری ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے علاقے میں خوشحالی، روزگار اور کاروباری سرگرمیوں کے نئے مواقع پیدا ہوں گے اور عوام کا معیار زندگی مزید بہتر ہو گا۔

بقیہ 4

آراستہ کریں تمام نہایت تعلیم و تربیت کی افادیت پر متفق ہے اسلام کی تو ابتدا ہی اقرا سے ہوئی ہے، ہر مسلمان کی بنیادی ذمہ داری ہے کہ وہ قرآن و سنت کی تعلیمات سے روشناس ہو علم میں سکون و اطمینان اور امن ہے جہالت میں ظلم پریشانی اور بے چینی ہے انہوں نے کہا کہ اسلام کا نظام دستور ہے اور اسلام ہر قوم کے لیے جامع نظام ہے خدا کا بھیجا ہوا نظام حیات بیاں کی افادیت، قانون قدرت سے مطابقت اور اسلام اور دیگر مذاہب کی فضیلت و صلاحیت کا اعتراف آج کفری تحریک کر رہی ہے انہوں نے کہا کہ تعلیم، علم، جہاد، دعوت و تبلیغ، انہوں کے شیوں میں مدارس نے نمایاں خدمات انجام دی ہیں انہوں نے کہا کہ تعلیم مدارس کے اصل بالکل کا ہدف رہا ہے دین پڑا اور اسلام مخالف قوتیں بھیشہ ہی ذرائع اور ان افراد ان قلموں اور ناقوں کو ہر محاذ پر آمد و رہی ہیں جو دین کی حفاظت شاہراہ کا ذریعہ ہیں اور مدارس، مذہبی شہادتوں اور دینی اقدار و روایات کے لیے خدمات سرانجام دیتے ہوئے دشمن کا ہدف ہیں انہوں نے کہا کہ اجتماعی صفر سے کیا ہے آج تک مدارس میں مسلمانوں کو اسلام کی تعلیمات سے روشناس کرایا مدارس میں امت مسلمہ لیبیت، تربیت اور تہذیب سکھائی جاتی ہے دیانتدار، باخلاق شہادت اور تہذیب سکھائی جاتی ہے دینی پڑی دینی مدارس کے علاوہ کوئی صاح انقلاب برپا نہیں کر سکا انہوں نے کہا کہ اسلام اور ملک کی تحفظ میں اہل مدارس نے اس کی خدات کا اعتراف دنیا کی آزادی و حریت کا راہ نظریاتی جبر و کاروں نے دنیا کو آزادی و حریت کا راہ دکھائی

بقیہ 5

ایبک لیبک یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور آمد مصطفیٰ مرحبا کے نعرے لگائے گئے۔ اس موقع پر شریعت اہلسنت پاکستان کے سربراہ پیر طریقت رہبر محمد کرم شاہ ازہری، مولانا ڈاکٹر نجیب اللہ رازی، علامہ مولانا محمد کرم شاہ ازہری، مولانا ڈاکٹر نجیب اللہ رازی، مفتی محمد اختر حسنی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 12 ربیع الاول کا دن امام مسلمانوں کے لیے خوشی کا دن ہے۔ یہ دن ہے جو انسان کو انسان کا درجہ ملا، جاہل کے لوگوں کا گورے پر کالے کا گوری فرق ختم ہوا اور حقوق کو وہ مقام ملا جو کسی مذہب میں موجود نہیں۔ انہوں نے کہا کہ عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم نہ تو کسی کا عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم نہ تو کسی کا مقصد لوگوں کی تحقیر ہے نہ ہی اسلام پہنچانا اور اسے صرف مصطفی اللہ علیہ والہ وسلم کے اور اپنے اور کو دکھا دیا جائے۔ اسے جلسے، ریلیاں کس کی مخالفت نہیں، اختلاف کے لیے نہیں، تکلیف اور دکھ پہنچانے کے لیے نہیں۔ عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں امن، بھائی چارے، محبت، ایک دوسرے کو برداشت، تہذیوں کے سروں پر رکھنے اور اجاروں، غریبوں کی مدد کرنے کا درس دیتا ہے مقررین نے کہا کہ ہم صرف عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم منائیں گے نہیں بلکہ اپنا کے لیے ہیں۔ ہمیں اب پاک موقع پر عہد کرنا چاہیے کہ آج کرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی سیرت کو سمجھ کر اور اپنے کردار کو پھیلائیں گے۔ ہمیں تعیین عام کرنے اور نفرتوں کو مٹانے کی ضرورت ہے۔ انتشار پھیلانے والوں کو کسی بھی طور قبول نہیں کرنا ہے۔ ایسے روحوں کو دلوں کو دین اسلام کی تعلیمات سے دور کرنے جنگ تھری، تنگ سوچ کو نکال کر یہ ہر محبت کے پروردگار چاہتا ہیں انہوں نے کہا کہ علم بھر میں عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے حوالے سے تمام ہوگا اسوں کو اول پروف سکیورٹی فراہم کرنا یقینی بنایا جائے۔ آرگھوت اس چاہتی ہے تو پورے ملک میں سیرت مصطفی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو نفرتیں کروائے۔ یونیورسٹیوں، کالجوں اور اسکولوں میں دین اسلام کا پیغام عام کرنے سے ہی ہمارے ملک کو دہشت گردی سے اور اپنے کو

سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبہ ترقی کی راہ پر گامزن ہے، بابر یوسفزئی

حکومت بلوچستان کا مقصد ترقیاتی عمل کو صرف بڑے شہروں تک محدود رکھنے کے بجائے اسے دور دراز علاقوں اور عام آدمی کی دہلیز تک پہنچانا ہے

نوجوانوں کے روشن مستقبل کے لیے عملی اقدامات جاری ہیں، معاون برائے داخلہ حکومت بلوچستان

کوئٹہ (اے این این) معاون برائے داخلہ حکومت بلوچستان بابر یوسفزئی نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبہ ترقی کی راہ پر گامزن ہے اور نوجوانوں کے روشن مستقبل کے لیے عملی اقدامات جاری ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبہ ترقی کی راہ پر گامزن ہے اور نوجوانوں کو مواقع اور صوبے کو ترقی کی سمت دینے کے لیے ٹھوس اقدامات اٹھائے ہیں۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان کے نوجوانوں کو صوبے کا سب سے قیمتی اثاثہ قرار دیتے ہوئے ان کے تعلیمی مستقبل پر خصوصی توجہ دی ہے۔ میرٹ کی بنیاد پر اسکالرشپس (باقی صفحہ 3 نمبر 43)

رشتی کی تحریک، دوراندیش اور عوام دوست قیادت میں بلوچستان ترقی اور خوشحالی کی نئی منزلوں کی جانب گامزن ہے۔ صوبائی حکومت نے محض ہدف کے بجائے عملی اقدامات کے ذریعے عوام کو ریلیف، نوجوانوں کو مواقع اور صوبے کو ترقی کی سمت دینے

کولہو، تحصیل ماوند میں ڈویلپمنٹ آفیسر نہال دین بگٹی کی ڈیوٹی سے مبینہ غیر حاضری کا انکشاف

تفتیاتی کے باوجود ڈیوٹی سے سنجیدگی پر ترقیاتی امور متاثر، شہریوں کا اعلیٰ حکام سے نوٹس کا مطالبہ

کولہو (یو این اے) ضلع کولہو کی تحصیل ماوند میں ڈویلپمنٹ آفیسر نہال دین بگٹی کی مبینہ غیر حاضری کا معاملہ سامنے آیا ہے۔ ذرائع کے مطابق نہال دین بگٹی کو فارگ 2026 کولہو ڈویلپمنٹ آفیسر تحصیل ماوند میں تعینات کیا گیا تھا، تاہم مبینہ طور پر تحاصل اپنی جائے تعیناتی پر ڈیوٹی انجام نہیں دے

کوئٹہ شیلٹر ہوم کے طور پر استعمال ہونے والے ایک کمرے میں بچوں کا گزر بسر، ڈاکٹر کلثوم رضا، ڈاکٹر کلثوم رضا، ڈاکٹر کلثوم رضا اور Esthell ایسوسی ایٹ لیڈر پیکنگ کے نمائندے کے ہمراہ کمروں کے دورے کے دوران فوٹو

کوئٹہ ڈویژن کو پانی کی بلاجواز گیس پائپ لائن مرمت نہ ہوسکی، عوام گیس سے محروم

عوام اس جدید دور میں ایل پی جی اور لکڑی استعمال کرنے پر مجبور، گیس پائپ لائن مرتکام میں مسلسل تاخیر

کوئٹہ ڈویژن کے کئی علاقوں میں گیس پائپ لائن مرمت کا عمل کی اور عوام کو گیس فراہم کرنے کے موثر اقدامات کیے جس سے عوام اس جدید دور میں ایل پی جی اور لکڑی استعمال کرنے پر مجبور ہے گیس پائپ لائن مرتکام میں مسلسل تاخیر اور نااہلی عوام کے لیے ایک عذاب بن چکی ہے۔ اس نااہلی اور بے حسی سے عوام میں (باقی صفحہ 3 نمبر 39)

صحت پور، ڈیرہ غازی خان اور جعفر آباد میں کالا یرقان پھیل گیا، متاثرہ افراد 7 ہزار سے متجاوز

ناقص پانی، عطائیت اور نان تجربہ کار میڈیکل مافیا کی بیماری کے پھیلاؤ کا سبب، فوری مذارک کا مطالبہ

صحت پور (یو این اے) حکومت بلوچستان کی جانب سے چلائی گئی اسٹرینگ مہم کے سرکاری اعداد و شمار کے مطابق اضلاع صحت پور، ڈیرہ بگٹی اور جعفر آباد میں 7 ہزار 7 سو افراد میں کالے یرقان (ہیپاٹائٹس) کی تصدیق ہوئی ہے۔ ذرائع کے مطابق علاقوں میں پینے کے گندے پانی کی فراہمی، عطائی ڈاکٹرز اور پرچون کی دکانوں کی طرح چلنے والے غیر معیاری (باقی صفحہ 3 نمبر 38)

مکہ معاہدہ عملی دفاعی تعاون اور معاشی روابط کو فروغ دے گا، سردار مسعود خان

معاہدے میں شامل تین ممالک اپنی اسٹریٹجک شراکت داری کے لیے مضبوط معاشی بنیادیں استوار کرسکتے ہیں

اسلام آباد (اے این این) امریکہ، چین اور اقوام متحدہ میں پاکستان کے سابق سفیر اور آزاد جموں و کشمیر کے سابق صدر سردار مسعود خان نے کہا ہے کہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان اسٹریٹجک ہم آہنگی کے ذریعے اجتماعی دفاعی صلاحیت کی بنیاد فراہم کرتا ہے، جبکہ اس کے تحت عملی دفاعی تعاون کے ساتھ ساتھ معاشی روابط کو بھی فروغ دیا (باقی صفحہ 3 نمبر 36)

ایران کیخلاف معاشی جنگ سے امریکا کو کوئی کامیابی نہیں ملے گی، سابق امریکی وزیر دفاع

واشنگٹن (بی این ایم) سابق امریکی وزیر دفاع لیو پنیٹا نے انٹرویو دیا ہے کہ ایران کے خلاف چھیڑی گئی معاشی جنگ سے امریکا کو کوئی خاطر خواہ کامیابی نہیں ملے گی۔ فیرملی میڈیا کے مطابق ایک میزبان نے لیون پنیٹا سے کہا کہ ایران آبنائے ہرمز بند کر دے امریکا پر اقتصادی دباؤ بڑھا رہا ہے، ٹرمپ انتظامیہ کے حالیہ اقدامات تہران کو جھکنے ڈالنے پر مجبور نہیں کرسکیں گے۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 35)

بلوچستان کی پائیدار ترقی اور عوامی خوشحالی حکومت کی اولین ترجیح ہے، حاجی محمد خان لہڑی

زیر مدار جمالی تالیشن تاہوا ذوتی شاہراہ کی تعمیر سے قصبہ آباد کے عوام کو سفری سہولیات میں نمایاں بہتری آئی

اوست محمد (بی این ایم) سھوالی پارلیامنٹ سیکرٹری ایکسا رائیڈ سٹیشن حاجی محمد خان لہڑی نے کہا ہے کہ پاکستان سٹیمر کیپٹن (ر) کی وفاقی حکومت بلوچستان کی پائیدار ترقی عوامی خوشحالی اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے سنجیدہ اور عملی اقدامات اٹھا رہی ہے۔ حکومت کی اولین (باقی صفحہ 3 نمبر 3)

اسلام کی عادلانہ نظام سے دنیا پر عدل وانصاف اور امن وخوشحالی قائم ہوسکتی ہے، مولانا رحمان

ہر مسلمان کی بنیادی ذمہ داری ہے کہ دوقرآن وسنت کی تعلیمات سے روشناس ہوکر میں سکون واطمینان اور امن سے

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام سوہ کیبنر پختونخوا کے امیر مولانا عطاء الرحمن نے کہا کہ اسلام کی عادلانہ نظام سے دنیا پر عدل وانصاف اور امن وخوشحالی قائم ہوسکتی ہے کہ اپنے آپ کو قرآنی تعلیم کے زیور سے (باقی صفحہ 3 نمبر 4)

خضدار میں استقبالِ عید میلاد النبی کی عظیم الشان ریلی

فضائیں لبیک یارسول اللہ اور آمد مصطفیٰ مرحبا کے نعروں سے گونج اٹھیں

کوئٹہ (اے این این) اتحاد اہل سنت بلوچستان کی جانب سے خضدار میں ایک عظیم والہانہ شان استقبال عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے حوالے سے اداء وحضرت سنان بن سلمہ رحمۃ اللہ علیہ سے ریلی نکالا (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

گوادر، مسروقہ موٹر سائیکلوں سمیت 2 ملزمان گرفتار

ملزمان سے مسروقہ موٹر سائیکل برآمد، شہریوں کی چوروں اور ڈکیتوں کے خلاف پولیس کارروائیوں تیز

گوادر (یو این اے) گوادر پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چھیننے کی وارداتوں میں مبینہ طور پر ملوث دو ملزمان کو گرفتار کرلیا جبکہ ان کے قبضے سے مسروقہ موٹر سائیکل بھی برآمد کرلی گئی۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کی شناخت منصور ولد جلال خان رئیسکہ وڈیہ نزد تربت (باقی صفحہ 3 نمبر 7)

نوشکی، میپوسل کمیٹی کے کونسلر جانان برچ کا مبینہ طور پر اغوا

مسجد روڈ سے نامعلوم افراد کونسلر کو اپنے ہمراہ لے گئے، واقعے کی تحقیقات جاری

نوشکی (یو این اے) نوشکی کے مسجد روڈ سے نامعلوم افراد نے میپوسل کمیٹی کے کونسلر جانان برچ کو مبینہ طور پر اغوا کرلیا۔ ذرائع کے مطابق نامعلوم افراد جانان برچ کو اپنے (باقی صفحہ 3 نمبر 8)

شام نے اسرائیل سے رابطے معطل کردیئے

دمشق (بی این ایم) شام نے جنیوا پر اسرائیلی حملے کے بعد اسرائیل سے رابطے معطل کردیئے۔ فیرملی خبررساں ادارے سے گفتگو میں شامی وزیر خارجہ اسعد الشیبانی کا کہنا ہے کہ اسرائیل پر ہی اب اعتماد نہیں، اسرائیلی حملے روکنا شام کی اولین ترجیح ہے۔ اسعد الشیبانی نے کہا ہے کہ شام سفارت کاری کے ذریعے تعلقات کا خواہشمند ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیل سیکورٹی معاہدے پر عمل درآمد کرنے کا ارادہ نہیں رکھتا۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 40)

گوگل کے بعد ایپل کے بھی پاکستان میں اپنا دفتر کھولنے کا امکان

سام آباد (اے این این) ٹکنالوجی جائنٹ گوگل کے بعد ایپل کے بھی پاکستان میں اپنا دفتر کھولنے کے امکانات پیدا ہوگئے۔ امریکی قونصل جنرل آسٹین سینڈرز نے لاہور میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ ایپل بھی پاکستان میں اپنا ایک دفتر قائم کرے گا، جو ملک میں ٹیکنالوجی کے بڑھتے ہوئے (باقی صفحہ 3 نمبر 41)

گورنر پنجاب کا ایک ہی دن میں 3 اضلاع کا دورہ، ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ

لاہور (بی این ایم) گورنر پنجاب مکرم احمد خان نے ایک ہی دن میں 3 اضلاع کا دورہ کیا اور ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیا۔ گورنر پنجاب نے ضلع بہاولپور میں ایک ہی دن میں 2